باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

# حراء فاؤنڈیشن اسکول (شعبۂ جامعہ دارالعلوم کراچی)

برائے سال 2020-2019ء

وقت کی ناگزیر ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے جامعہ دارالعلوم کراچی نے عصری تعلیم کے شعبہ کو شرعی تقاضوں کے تحت فروغ دینے کے لئے ایک جامع منصوبہ بندی کے تحت ایک معیاری عملی نظامِ تعلیم پیش کرنے کا ارادہ کیا ہے جس کے تحت اعلیٰ معیاری تعلیم جو اسلامی اقدار پر مبنی ہو اور ایک بہترین بامقصد طریق زندگی کی طرف راہ نما ہونے کے حصول کو ممکن بنایا جاسکے۔ اس فکر کے تحت اس ادارے (حراء فاؤنڈیشن اسکول) کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جسکا مقصد یہ ہے کہ ہماری آئندہ نسلیں اس راستہ کی پیروی کریں جو کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعے نازل فرمایا اور مسلمان بچوں اور بچیوں کی تعلیم کے ساتھ ساتھ تربیت کی ذمہ داری اس طور سے ادا کی جائے کہ انہیں جدید علوم وفنون، عمدہ معیار اور معتدل رویوں سے روشناس کیا جاسکے تاکہ وہ بین الاقوامی معیار کی تعلیم حاصل کر کے پورے دین پر چلتے ہوئے عزت و وقار کے ساتھ زندگی گزار سکیں اور بھرپور اہلیت اور استعداد کے ساتھ عالمی چیلنجوں کا مقابلہ کر سکیں اور جدید علوم وفنون، سائنس وٹیکنالوجی سے بہرہ ور ہوں اور زندگی کے ہر شعبے میں بڑھ چڑھ کر نہ صرف ملکی سطح پر بلکہ بین الاقوامی سطح پر کامیابی حاصل کر سکیں اور بھرپور اہلیت اور استعداد کے ساتھ پُراعتماد انداز میں عالمی چیلنجوں کا مقابلہ کر سکیں اور دنیا و آخرت میں سرخروئی حاصل کر سکیں۔

## اغراض واہداف:

☆ایک ایسا ماحول فراہم کرنا جہاں ہمارے بچے بنیادی اسلامی تعلیمات واقدار اعلیٰ دنیاوی تعلیم بذریعۂ جدید طریقۂ تعلیم کے ساتھ حاصل کر سکیں۔ بچوں کو عملی مسلمان اور سچا پاکستانی بنانا تاکہ وہ پُراعتماد انداز میں اپنے شعبوں میں عالمی چیلنجوں کا مقابلہ مہارت کے ساتھ کر سکیں اور ایسے مواقع اور استعداد فراہم کرنا کہ آپ کے بچے اس قابل ہو سکیں کہ وہ اس ادارے (حراء فاؤنڈیشن اسکول) سے فراغت کے بعد اپنی مرضی سے دینی و دنیاوی اعلیٰ تعلیم حاصل کر سکیں اور اسمیں کوئی رکاوٹ نہ ہو۔

☆جونیئر اور سینئر سسٹمز کے تحت تعلیم پانے والے بچے / بچیوں کی تربیت واصلاح کے نظام وضع کرنا، عمل کرانا اور تربیت کے عمل کیلئے جائزوں کا نظام بنانا تاکہ تربیت کے معیار کو جانچا جاسکے۔

## امتیازی خصوصیات:

### ایسا نصابِ تعلیم جو بیک وقت کیمبرج سسٹم اور اسلامی طریقۂ تعلیم پر مبنی ہے:

☆ماہر مونٹیسری ڈائریکٹریس ☆ماہر تدریسی عملہ ☆فاضل وفاضلہ درس نظامی کی زیرِ نگرانی حفظ کلاسز ☆جدید طرزِ تدریس کے ساتھ عربی زبان کی تدریس ☆جدید سامان سے مزیّن کلاسز

☆وسیع وکشادہ پرشکوہ عمارت ☆جدید کمپیوٹر لیب ☆آرٹ روم ☆غیر نصابی سرگرمیاں ☆ایک جدید کتب خانہ کا قیام جس میں بچوں کی عمر کے لحاظ سے وافر مقدار میں کتب موجود ہیں

☆والدین اور اسٹاف کا مستقل رابطہ ☆وسیع کھیلنے کا میدان ☆خوبصورت سوئمنگ پول ☆ٹرانسپورٹ کی سہولت ☆جدید سائنس لیب کا قیام ☆اے لیول مع درسِ نظامی

## نصابِ تعلیم:

اپنے اہداف کو مکمل کرنے کے لئے جدید ماہرینِ تعلیم کے زیر نگرانی ایک ایسا نصابِ تعلیم مرتّب کیا گیا ہے جس میں توحید وسنت کے بنیادی تصورات کو بچوں کی ذہنی سطح و دلچسپی اور سیکھنے کے عمل کو سامنے رکھ کر واضح کیا جاتا ہے اور قبل از اسکول کے تعلیمی نظام مونٹیسری اور کنڈر گارڈن کو اسلامی تعلیمات کے امتزاج سے ترتیب دیا جاتا ہے تاکہ عمر کے لحاظ سے اس سطح کے اہداف حاصل ہو سکیں اور تدریس کے دوران جدید تعلیمی نفسیات کے اصولوں کو پیشِ نظر رکھا جاتا ہے تاکہ کردار سازی کے اہداف حاصل ہو سکیں اس نصاب کی تشکیل میں ان امور کو پیشِ نظر رکھا گیا ہے:

☆ بچے کی ذاتی صلاحیت اور نشوونما کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے اس کی معاشرتی، ذہنی، جذباتی، جسمانی اور سماجی تربیت کرنا۔

☆ بچوں کے لئے انکی عمر کے لحاظ سے تربیتی اہداف مقرر کرنا تاکہ بچے کی روحانی اور اخلاقی تربیت ہو سکے۔

☆ دورانِ تعلیم ایسی آزادی، مواقع، حوصلہ افزائی کی فراہمی اور مثبت انداز میں تربیت جس سے بچے میں خود اعتمادی اور نظم وضبط، بڑوں کا ادب ملحوظ رکھتے ہوئے حاصل ہو۔

☆ بچوں کو دینی معلومات اور تربیت عملی تعلیمی مشقوں کے ذریعے فراہم کی جائے۔

☆ تربیت کے نصاب میں ابتدائی عمر سے تمام ابواب عقائد، فقہ، اخلاق وآداب، سیرت، مسنون دعائیں، تاریخ پر انکی عمر کے لحاظ سے توجہ دی جائے گی۔

☆ پرائمری تعلیم کے دوران تعلیمی اہداف مروّجہ جدید معیاری کتابوں اور کورسز سے حاصل کئے جائیں گے جن میں شرعی تقاضوں کے مطابق تصاویر اور غیر شرعی مواد کی تنقیح کی جائے گی۔

☆ پرائمری کے بچوں اور بچیوں کے لئے اسلامی تعلیمات کا ہدف یہ ہوگا کہ دسویں جماعت کے اختتام تک فرضِ عین کے درجے میں دین کا علم اس طرح پہنچایا جائے کہ وہ تمام فرائض واجبات اور سنن مستحبات کے جاننے والے اور عمل کرنے والے ہوں۔

اسلامی اقدار وشعائر کے مطابق بچوں کی تربیت کے نظام واضح کئے جائینگے اور مختلف اوصاف اُجاگر کئے جائیں گے والدین کے اشتراک کے ساتھ ان کی تربیت ونگرانی وپوچھ گچھ اور اصلاح احوال کی تدابیر اختیار کی جائیں گی اور پورے تربیتی عمل کا بھی جائزہ لیا جائے گا تاکہ تربیتی اہداف کے مطابق ہر طالبِ علم کا جائزہ لیا جاسکے اور والدین اور اساتذہ مل کر اصلاحِ احوال کی فکر کر سکیں۔ سینئر اسکولنگ سسٹم کی سطح کا ہدف یہ ہے کہ ایک پُراعتماد تربیت یافتہ طالبعلم جو متشرع باعمل مسلمان کی مضبوط شخصیت رکھتا ہو اور بین الاقوامی معیار کی اعلیٰ مہارت کا حامل ہو۔

## اے لیول مع درجہ اولیٰ ثانیہ:

دینی و دنیاوی تعلیم کا امتزاج حراء فاؤنڈیشن اسکول کے اغراض ومقاصد میں سے ہے اس مقصد کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے اسکول انتظامیہ نے مروّجہ اے لیول (کامرس) کے ساتھ درسِ نظامی کا آغاز کیا ہے جس میں طالبعلم اے لیول کے ساتھ درجہ ثانیہ وفاق کا امتحان بھی دے سکے گا اور اس کے لیۓ ماہر اساتذہ کی خدمات حاصل کی گئی ہیں۔

## فیس وصولیابی کا طریقہ کار:

بوقتِ داخلہ دو ماہ (اگست، ستمبر) کی ایڈوانس فیس، داخلہ فیس، زرِ ضمانت (جو کہ بوقتِ اخراج قابلِ واپسی ہوگا) اور سالانہ چارجز (ہر چھ ماہ بعد دو قسطوں میں) وصول کیے جائیں گے۔

**شعبۂ حفظ:**

ترجیحی بنیاد پر قرآن کریم حفظ وناظرہ کی تدریس حرافاؤنڈیشن اسکول کا بنیادی مقصد ہے۔ جس کے حصول کے لیے ادارے کو جامعہ دارالعلوم کراچی کے اکابرین و بہترین بین الاقوامی قراۃ و قاریات کی سرپرستی حاصل ہے۔ دور حاضر کی ضروریات کو محسوس کرتے ہوئے حفظ کو جامع پر اثر اور آسان تر بنانے کے لیے ادارہ مصروفِ عمل ہے۔ حرافاؤنڈیشن میں حفظ جزوقتی طور پر پڑھایا جاتا ہے اسکے ساتھ وفاق المدارس کا امتحان بھی دلایا جاتا ہے جس میں طلبہ و طالبات نے نمایاں کامیابی حاصل کی ہے۔۔ حفاظ طلبہ کی ہم نصابی وغیر نصابی سرگرمیوں میں بین الکلیاتی مقابلہ جات میں نمایاں شرکت، اولیول امتحانات میں حفاظ طلبہ کی نمایاں کارگردی، طلبا کو کھیل اور تیراکی کی سہولیات فراہم کرنا نیز موجودہ دور کے تعلیمی میدان میں حفاظ طلبہ کی اعلیٰ درجے کی خود اعتمادی ادارے کی ترجیحات میں شامل ہے اور اپنے مقاصد میں کامیابی کی طرف گامزن ہے۔

**موجودہ درجات:**

حراءفاؤنڈیشن اسکول میں پرائمری سے پہلے(Pre-primary) کے تین درجات ہیں جونئیر مونٹیسری، سینئر لیول ون، سینئر لیول ٹو ان تینوں درجات میں طلباوطالبات کی تعداد(421) ہے۔

پرائمری(Primary) وسیکنڈری(Secondary) میں اول، دوم، سوم، چہارم، پنجم، ششم، ہفتم، ہشتم، نہم، اولیول اور حفظ جماعتیں ہیں جسمیں کل(1092) طلباء وطالبات ہیں۔

حراءفاؤنڈیشن اسکول میں کل طلباء وطالبات کی تعداد(1513) ہے اور تدریسی عملہ کی تعداد(250) ہے۔

**داخلہ کے لئے مقررہ عمر:**

جونئیر مونٹیسری: دوسال چھ ماہ سے تین سال (پیدائش کی تاریخ یکم اگست 2019ء تک شمار کی جائے گی)

**رجسٹریشن کی تاریخ:**

حراءفاؤنڈیشن اسکول میں رجسٹریشن 1 جنوری 2018ء سے شروع ہوگی۔

**طریقہ کار:**

اسکول کے دفتر سے رجسٹریشن فارم حاصل کیا جائے مطلوبہ کوائف صحیح طور درج کئے جائیں رجسٹریشن فارم کو مکمل کر کے مطلوبہ دستاویزات مقررہ مدت میں جمع کرانے کی صورت میں رجسٹریشن تصور کی جائے گی۔ مطلوبہ دستاویزات فراہم نہ کئے جانے کی صورت میں رجسٹریشن مکمل نہیں ہوگی۔ رجسٹریشن ہو جانے کے بعد طالب علم کے جائزے کی تاریخ بتائی جائیگی جائزے میں کامیابی کے بعد والدین کے انٹرویو کیلئے تاریخ دی جائیگی۔ اسکول میں بچے کے داخلے کی صورت میں کامیاب ہونے والے بچوں کے نام نوٹس بورڈ پر چسپاں کر دیئے جائیں گے۔ مقررہ مدت کے اندر داخلہ فیس جمع کرانے کی صورت میں داخلہ حتمی تصور کیا جائیگا۔ تاخیر کی صورت میں داخلہ منسوخ کیا جاسکتا ہے۔ جونئیر مونٹیسری کے جائزے کی بنیاد بچے کے ہنر اور صلاحیت پر ہوگی۔

بقیہ درجات میں اگر کچھ نشستیں خالی ہوتی ہیں تو ان کیلئے امیدواروں کا جائزہ اس درجے (کلاس) کی مطلوبہ استعداد کے مطابق انگریزی، اردو، ریاضی، عربی اور قرآنِ کریم سے لیا جائیگا۔ ہر درجے میں چونکہ طلبہ کی تعداد مقرر اور محدود ہے اس بنا پر جائزے میں کامیاب ہونے والے طلبہ میں سے نشستوں کے مطابق بہترین طلبہ کا انتخاب کیا جاتا ہے۔

**رجسٹریشن کیلئے درکار دستاویزات:**

رجسٹریشن فارم کے ساتھ مندرجہ ذیل کاغذات منسلک کئے جانے ضروری ہیں۔

1۔ بچہ / بچی کے کمپیوٹرائزڈ پیدائشی سرٹیفکیٹ کی تصدیق شدہ فوٹوکاپی
2۔ ماں اور باپ کے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ فوٹوکاپی
3۔ بچہ / بچی کی چار عدد تصاویر("1x"1)
4۔ رجسٹریشن فیس کی رسید کی فوٹوکاپی
5۔ آخری تعلیمی رپورٹ کارڈ فوٹوکاپی
6۔ طالب علم کے ویکسی نیشن کارڈ کی فوٹوکاپی ﴿برائے جونئیر مونٹیسری تا کلاس ٹو۔﴾

**نوٹ: واضح رہے کہ داخلہ پرائمری اور سیکنڈری کلاسز میں میرٹ کی بنیاد پر ہوگا۔**

**ٹرانسپورٹ:**

اسکول کی کوئی ذاتی ٹرانسپورٹ نہیں ہے والدین کی سہولت کے پیشِ نظر اسکول نے چند معروف ٹرانسپورٹر حضرات سے رابطہ کیا ہوا ہے جو کہ طلبہ کو لانے اور لے جانے کا کام انجام دیتے ہیں اور ٹرانسپورٹ فیس کا تعین والدین اور ٹرانسپورٹر حضرات باہمی مشاورت سے فاصلہ اور تعداد کو سامنے رکھتے ہوئے کرتے ہیں۔ ٹرانسپورٹر حضرات کے رابطہ نمبر دفتر سے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔


JAMIA DARUL ULOOM KARACHI

Sharah-e-Darul Uloom Karachi Singer Chowrangi, Postal Code 75180, Karachi, Pakistan

Tel: (021) Dir. (35123007, 35040933, 35123219), 35049774-6 Ext. 374,373

Web site: www.hirafoundation.com e-mail: info@hirafoundation.com